نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

صوبائی وزیرزراعت سید عاشق حسین کرمانی کی زیرصدارت ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں اعلیٰ سطحی اجلاس کا انعقاد

اجلاس میں ٹرانسفارمنگ پنجاب ایگریکلچر پروگرام کی ٹائم لائنز کا جائزہ لیا گیا

نوازشریف کسان کارڈ کی صوبائی کابینہ نے منظوری دے دی ۔وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی

لاہور:30اپریل2024(   ) وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیرصدارت زراعت ہاؤس لاہور میں اعلیٰ سطحی اجلاس کا انعقاد ہوا۔اس موقع پرصوبائی وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے ٹرانسفارمنگ پنجاب ایگریکلچر کی ٹائم لائنز کا جائزہ لیا۔صوبائی وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نوازشریف کا 400ارب روپے سے زائد کا تاریخ ساز کسان پیکج زرعی ترقی کے لیے اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔انہوں نے مزید کہا کہ نوازشریف کسان کارڈ کی آج صوبائی کابینہ کے اجلاس میں متفقہ طور پراصولی منظوری دے دی گئی ہے۔اس ضمن میں محکمہ زراعت اور بینک اف پنجاب کے باہمی اشتراک سے نوازشریف کسان کارڈ کا اجراء کیا جائے گا اوراس کے ذریعے 300ارب روپے کے بلاسود قرضے کاشتکاروں کوفراہم کیے جائیں گے۔انہوں نے مزید کہا کہ 2ارب روپے کی لاگت سے شعبہ زراعت توسیع کی تنظیم نو کی جائے گی جبکہ 1ارب روپے کی لاگت سے 500نوجوان زرعی گریجویٹس کی کنٹریکٹ پر بھرتی کیا جائے گا تا کہ کاشتکاروں کوبہتر توسیعی خدمات فراہم کی جاسکیں۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ اس پروگرام کے تحت 80ارب روپے کی لاگت سے صوبہ پنجاب میں کھالہ جات کی اصلاح وپختگی کی جائے گی۔اس کے علاوہ 12ارب روپے کی لاگت سے 7ہزار بجلی سے چلنے والے ٹیوب ویلز کی شمسی توانائی پرمنتقلی کی جائے گی ۔12ارب روپے کی لاگت سے جدید زرعی مشینری اورآلات کی فراہمی کی جائے گی۔معیاری کھادوں اورزرعی ادویات کی مقرر کردہ قیمتوں پرفراہمی کے لیے قوانین میں ترامیم کی جارہی ہیں ۔اس کے علاوہ ٹرانسفارمنگ پنجاب ایگریکلچر پروگرام کے تحت ادارہ جاتی اصلاحات متعارف کرائی جائیں گی۔

☆☆☆☆